# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## (شعبہ ابلاغ عامہ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: میگزین جرنلزم (9255) | سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری / بی ایس | کریڈٹ: 3

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

سوال نمبر 1- میگزین جرنلزم کی تعریف کریں اور اخباری صحافت کے مقابلے میں اس کی نمایاں خصوصیات اور انفرادیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2- اداریہ کون تحریر کرتا ہے؟ اداریہ نویسی کے اہم اجزاء بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- میگزین کی مختلف اقسام (خبری، ادبی، خواتین، بچوں، ڈائجسٹ وغیرہ) کی وضاحت کریں اور ہر قسم کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- سرورق کہانی سے کیا مراد ہے؟ نیز اس کے انتخاب کن بنیادوں پر کیا جاتا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- میگزین کی زبان عام صحافتی زبان سے کس طرح مختلف ہوتی ہے۔ مختلف اسالیب کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

سوال نمبر 1- میگزین میں فیچر، مضمون اور خصوصی تحریر کی اہمیت بیان کریں اور ان کی تیاری کے مراحل واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- مجلات و جرائد میں کام کرنے والے مختلف کارکنان کی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- مطبوعہ صحافت کو درپیش چیلنجز کا احاطہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- میگزین کی طباعت، لے آؤٹ اور ڈیزائن کی اہمیت بیان کریں۔ ایک پرکشش میگزین کے لیے میک اپ کے بنیادی اصول بھی تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- میگزین صحافت میں اشتہارات کی اہمیت بیان کریں اور ادارتی مواد اور اشتہارات کے باہمی تعلق کا تجزیہ کریں۔ (20)